آپ کی اس تمام انتھک محنت اور عہد بستگی کے لیے آپ کو مبارکباد جس نے آپ کو اس مقام تک پہنچایا ہے! اس سال سندیافتگی کی جانب اپنے سفر کو جاری رکھتے ہوئے محض اتنا جان لیں کہ آپ کو ایک **روشن مستقبل** کا آغاز میسر کیا جا چکا ہے، جس میں حقیقی دنیا کی صلاحیتیں اور تجربات، کالج اور طرز معاش کی پیشگی ابتدا اور قوی منصوبے سے مربوط تعلیمی عمدگی کی بنیاد شامل ہے۔
آج ہی ایک **تابناک مستقبل** کی جانب اپنے اگلے اقدامات لیں!

جب آپ اپنے کالج کے انتخابات پر غور کر رہے ہوں گے، ہم چاہتے ہیں کہ آپ کو علم ہو کہ آپ کے لیے اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک (SUNY) میں ایک جگہ ہے! درحقیقت، آپ قابل رسائی، اعلی معیار کے 7 تک SUNY کیمپسس کے لیے مفت درخواست دینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

SUNY 64 کیمپسس ہیں جو کہ ریاست کے ہر علاقے میں پھیلے ہوئے ہیں، یہ 7,500 ڈگریوں اور سرٹیفیکٹ پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں فی الواقع جس چیز کی بھی آپ تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ مثال کے طور پر:

ذیل میں طرز معاش:	**توجہ:**	**SUNY اسکول:**
ٹکنالوجی	کمپیوٹر تنصیب / مرمت	**Nassau Community College***
	سائبر سیکیورٹی	**University at Albany****
کاروبار ومالیات	اکاونٹنگ	**Suffolk County Community College***
	کاروبار	**SUNY Old Westbury****
تعلیم	تدریس	**SUNY Cortland****
	تدریس	**SUNY New Paltz****
ماحولیات کا تحفظ کرنے والے طرز معاش (گرین کیرئیرز)	ماحولیات کے تحفظ کی تعلیم	**Monroe Community College***
	انوائرمنٹل انجینیئرنگ	**College of Environment, Science and Forestry****
صحتیاتی نگہداشت	تنفسی علاج	**Westchester Community College***
	نرسنگ	**SUNY Farmingdale**/ SUNY Delhi****

* دو سالہ   ** چار سالہ

اور بہت کچھ www.suny.edu/NYCWaiver

اتنے زیادہ انتخابات کے ساتھ، اس بات کا فیصلہ کرنے میں مدد حاصل کرنا ضروری ہے کہ آپ کے لیے کونسے (انتخابات) بہترین ثابت ہوں گے۔ اپنی تمام راہوں کے انتخابات کے متعلق اپنے اسکول مشیر کے ساتھ ملاقات کرنے کے لیے آج ہی رابطہ کریں۔ این وائی سی پبلک اسکول طلبا کو اضافی معاونت کے لیے **نیکسٹ اسٹیپ ایڈوائزنگ** تک منگل تا جمعہ شام 5 تا رات 8 بجے رسائی حاصل ہو گی۔ اس پلیٹ فارم پر طلبا این وائی سی پبلک ہائی اسکولز کے تربیت یافتہ صلاح کاران اور مشیران کی جانب سے درخواست میں اور ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لیے ایک انفرادی منصوبہ بنانے کے لیے ٹیکسٹ پیغامات اور زوم کے ذریعے براہِ راست، 1:1 معاونت حاصل کرنے کے قابل ہیں۔
معلومات حاصل کرنے اور مسلسل رابطے میں رہنے کے لیے سائن اپ کریں: www.pathways.fyi/NextSteps

ہم اس بات کو بھی یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ آپ ایجوکیشنل آپرچیونٹی پروگرام (EOP) سے بھی آگاہ ہیں، جو **کالج میں آپ کی کامیابی کی معاونت** کر سکتا ہے۔ EOP تعلیمی معاونت اور مشاورت، ذاتی صلاح کاری، طرزِ معاش مشاورت، نجی تدریس، گریجوئٹ اسکول کی تیاری، کُتب اور تعلیم (ٹیوشن) کے علاوہ اخراجات کے لیے مالی معاونت، توسیع کردہ این وائی ایس ٹیوشن اسسٹنس پروگرام (TAP) کی اہلیت اور بہتری کے پُرجوش مواقع فراہم کرتا ہے۔ اگر آُپ مفت یا رعایتی قیمت پر دوپہر کے کھانے (لنچ) کے لیے اہل ہیں تو ممکن ہے کہ آپ معاشی طور پرEOP کے لیے اہل ہوں اور آپ کو یہ دیکھنے کے لیے درخواست دینی چاہیئے کہ آیا آپ تعلیمی مطلوبات کی تکمیل کرتے ہیں۔ EOP پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کو ذیل پر پایا جا سکتا ہے www.suny.edu/eop

اس سال SUNY نہایت ہی کامیاب ASAP اور ACE پروگراموں کا آغاز 25 کالجوں میں کرے گا۔ یہ پروگراموں برمحل انداز میں ڈگری مکمل کرنے کی شرح میں نمایاں بہتری ظاہر کر چکے ہیں اور یہ مواقع کے خلا کو ختم کرنے مدد کرتے ہیں۔ ASAP|ACE دیگر معاونتوں کے علاوہ ٹیوشن (کی فیس) میں معافی، نقل و حمل اور نصابی کُتب کے اخراجات میں کمی کرنے کے لیے سرمایہ، جامع انفرادی مشاورت، تعلیمی معاونت، اور طرزِ معاش کے فروغ کی سرگرمیاں فراہم کرتا ہے۔ ASAP یا ACE میں شرکت کرنے والے کیمپسس کی فہرست کے لیے ذیل پر جائیں: www.suny.edu/asap-ace

SUNY آپ کی کامیابی اور ہمارے تمام طلبا کے لیے مواقع کو وسعت دینے کے لیے پُرعزم ہے۔ ہم آپ کی SUNY کو زیرغور لانے اور آج ہی درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں:

www.suny.edu/NYCWaiver

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کا سینئر سال تسلی بخش ہو اور ہم خزاں میں آپ کو ایک عمدہ کالج کیمپس میں دیکھنے کے متمنی ہیں!

بخلوص،

John B. King, Jr., J.D., Ed.D.
چانسلر، اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک

David C. Banks
چانسلر این وائی سی پبلک اسکولز